سرکاری رپورٹ

صوبائی اسمبلی پنجاب

مباحثات 2021

جمعتہ المبارک ،30-جولائی 2021

(یوم الجمع،19- ذوالحج 1442ھ)

سترہویں اسمبلی: چونتیسواں اجلاس

جلد 34 : شمارہ 6

303

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ 30۔جولائی 2021

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ زکوٰۃ و عشر)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

زیرو آر نوٹس

سرکاری کارروائی

(اے) مسودہ قانون کا ایوان میں پیش کیا جانا

مسودہ قانون (ترمیم) صوبائی موٹر گاڑیاں 2021

ایک وزیر مسودہ قانون (ترمیم) صوبائی موٹر گاڑیاں 2021 ایوان میں پیش کریں گے۔

نوٹ: درج بالا مسودہ قانون کی نقول مورخہ 26۔جولائی 2021 اور 29۔جولائی 2021 کو پہلے ہی مہیا کی جا چکی ہیں۔

305

صوبائی اسمبلی پنجاب

سترہویں اسمبلی کا چونتیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک، 30-جولائی 2021

(یوم الجمع، 19- ذوالحج 1442ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں شام 4 بج کر 15 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ قاری محمد علی قادری نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿١٠﴾
تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ
وَاَنْفُسِكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾ يَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ
طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١٢﴾ وَاُخْرٰى
تُحِبُّوْنَهَا ۭ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾

سورۃ الصف- آیت (10 تا 13)

مومنو! میں تم کو ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں عذاب الیم سے مخلصی دےO (وہ یہ کہ) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔ اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہےO وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تم کو باغہائے جنت، جن میں نہریں بہہ رہی ہیں اور پاکیزہ مکانات میں جو بہشت ہائے جاودانی میں (تیار) ہیں داخل کرے گا۔ یہ بڑی کامیابی ہےO اور ایک اور چیز جس کو تم بہت چاہتے ہو (یعنی تمہیں) اللہ کی طرف سے مدد (نصیب ہوگی) اور فتح (عن) قریب (ہوگی) اور مومنوں کو (اس کی) خوشخبری سنا دوO

وَمَا علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب اختر قریشی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول ﷺ

مُفلسِ زندگی اب نہ سمجھے کوئی
مجھ کو عشقِ نبی اِس قدر مل گیا
اُن کا دیوانہ ہوں اُن کا مجذوب ہوں
کیا یہ کم ہے کہ میں اُن سے منسوب ہوں
سرحدِ حشر تک جاؤں گا بے دھڑک
مجھ کو اتنا تو زادِ سفر مل گیا
جب سے مجھ پر ہوا مصطفیٰ کا کرم
بن گیا دل مظفر چراغِ حرم
زندگی پھر رہی تھی بھٹکتی ہوئی
میری خانہ بدوشی کو گھر مل گیا

پروڈکشن آرڈر پر عملدرآمد نہ ہونے پر جناب سپیکر کا اجلاس ملتوی کرنا

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میرے خیال میں ہم نے جو Production Order جاری کئے تھے مجھے لگ نہیں رہا کہ آج اس پر ابھی تک کوئی عمل درآمد ہوا ہے۔ کیوں جی، اس طرح ہے؟

معزز ممبران: جی، Production Order پر عمل درآمد نہیں ہوا۔

(اس مرحلہ پر معزز ممبران حزب اختلاف کی طرف سے "شیم شیم" کی آوازیں)

جناب سپیکر: ہم نے جو طے کیا تھا اس کے مطابق اجلاس مورخہ 2۔اگست بروز سوموار 2 بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔(نعرہ ہائے تحسین)